نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

22ستمبر2010ء

برائے فوری اجراء

527/2010

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون:0300-501-2640

امریکی ہوابازوں کی جانب سے سیلاب زدگان تک امدادی اشیاء پہنچانے میں معاونت

اسلام آباد(22 ستمبر2010ء)___ پاکستان میں اپنی آمد کے ساڑھے تین ہفتے کے بعد بھی امریکی ہوابازِ اور امریکی فضائیہ کے ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے والے شعبے کے اہلکار پاکستان کی حکومت اور فوج کے اشتراک سے پاک فضائیہ کے چکلالہ ائیربیس پر ملک بھر میں سیلاب زدگان تک بین الاقوامی امداد کی تقسیم کے کاموں میں معاونت جاری رکھے ہوئے ہیں۔

امریکی فضائیہ کے 62ویں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے والے ونگ کے 30 اہلکار ہوائی جہازوں کے ذریعے انسانی بنیاد پر امداد کی ترسیل کیلئے 28 اگست کو چکلالہ کے ہوائی اڈے پر پہنچے تھے۔اس وقت سے لے کر اب تک انھوں نے بین الاقوامی امدادی اشیاء کے بنڈل تیار کرنے اور انھیں پاکستان بھر میں تقسیم کرنے کیلئے امریکی فوج کے سی۔130 اور سی۔17 طیاروں پر لادنے اور اتارنے میں دن رات پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ ایجنسی اور پاک فضائیہ کی معاونت کی ہے۔

سی آر ای کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل شان انڈروڈ نے کہا کہ پاکستان آنے اور امدادی کارروائیاں شروع کرنے کے بعد ہم ناقابل یقین حد تک مصروف ہوگئے۔انھوں نے کہا کہ ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے والا شعبہ کوشش کر رہا ہے کہ ارسال کی جانے والی اشیاء کے بنڈل ایک دن قبل ہی تیار کر لئے جائیں،اس طرح امدادی کارروائیوں میں مزید لچک اور مستعدی پیدا کرنے کیلئے ہنگامی بنڈل بنانے کا وقت مل جاتا ہے۔

اب تک امریکی فوج کے اہلکاروں اور طیاروں نے پاک فوج کے اشتراک سے پاکستان بھر میں سیلاب زدہ علاقوں سے امداد کے منتظر 16 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ میں انھوں نے 3.8 ملین کلوگرام اشد ضرورت کی اشیاء بھی متاثرین تک پہنچائی ہیں۔روزانہ کی بنیاد پر فراہم کی جانے والی امریکی محکمہ دفاع کی امداد کی اوسط مالیت 10 کروڑ 30 لاکھ روپے (1.2 ملین ڈالر) ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون:2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون:6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون:5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800